National Accountability Bureau
Islamabad

****

Dated: 31st July, 2024

پریس ریلیز

خود کو نیب اعلیٰ حکام ظاہر کر کے دھوکہ دینے والوں سے عوام الناس ہوشیار رہیں

عوام الناس کو مطلع کیا جاتا ہے کہ کچھ عناصر نیب اعلیٰ حکام کے روپ میں عوام کو بذریعہ فون / ایس ایم ایس / واٹس ایپ کال / جعلی خطوط اور دیگر ہتھکنڈوں کے ذریعے ہراساں کرنے اور سرکاری و کاروباری افراد کو مجبور کر کے ان سے رقوم بٹورنے یا کسی قسم کی غیر قانونی رعایت حاصل کرنے میں ملوث پائے گئے ہیں۔ ان تمام ہتھکنڈوں سے بالواسطہ اور بلاواسطہ نیب کا کوئی تعلق نہیں ہے۔ نیب آفیشل لیٹر ہیڈ پر کال اپ لیٹر جاری کرتا ہے اور کسی بھی خط و کتابت کے لیے فون کال / ایس ایم ایس / وٹس ایپ میسج نہیں کرتا۔

عوام ایسے عناصر کی جعلسازی میں ہرگز نہ آئیں۔ اگر کوئی بھی شخص خود کو نیب کا عہدے دار ظاہر کر کے کسی قسم کے غیر قانونی کام پر مجبور کرنے یا رقم کی وصولی کے لئے بلیک میل کرے تو ایسی شکایت یا مشکوک کال کی فوری اطلاع درج ذیل رابطہ نمبر / ای میل ایڈریس پر دیں۔ یاد رکھیں، ان عناصر کے خلاف قانونی چارہ جوئی جاری ہے اس سلسلے میں کئی دھوکے بازوں کو پہلے ہی گرفتار کیا جا چکا ہے۔

فون نمبر: 051-9216549

موبائل / واٹس ایپ نمبر: 0303-0111684

ای میل ایڈریس: complaint.int@nab.gov.pk